# 13-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ میونسپل کے انتخابات میں کانگریس پارٹی چار کارپوریشنوں میں آگے چل رہی ہے جبکہ 64 میونسپالٹیوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔

۲۔کریم نگر، نظام آباد، کارپوریشن میں بی جے پی آگے چل رہی ہے جبکہ کوتہ گوڑم کارپوریشن کی سیٹ پرسی پی آئی نے قبضہ جمایا۔

۳۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ریڈیو دور دراز دیہاتوں سے لے کر شہروں تک عوام کی قابل اعتماد آواز کے طور پر خدمات انجام دیتا آرہا ہے۔

۴۔ٹی 20 ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کے خلاف 23 رن کے فرق سے زمبابوے نے سنسنی خیز کامیابی حاصل کی۔

SAROJINI NAIDU:

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج نئی دہلی میں سروجنی نائیڈو کی یومِ پیدائش کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قوم کی تعمیر کے سنہری ابواب میں سروجنی نائیڈو کی خدمات بے مثال ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سروجنی نائیڈو کی زندگی ہندوستانی خواتین کے اعتماد اور قیادت کی روشن علامت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ان کی مثالی شخصیت ملک کے کروڑوں شہریوں کو قومی خدمت، مساوات اور خودداری کے راستے پر آگے بڑھنے کی ترغیب دیتی رہے گی۔جبکہ اس موقع پر راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیرمین ہری ونش نے بھی سروجنی نائیڈو کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

PM-RADIO DAY:

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج عالمی یومِ ریڈیو کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن ریڈیو سے وابستہ تمام افراد کی کاوشوں کو سراہنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یومِ ریڈیو ایک ایسے ذریعے کا جشن ہے جو دور دراز دیہات سے لے کر مصروف شہروں تک عوام کی قابلِ اعتماد آواز کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برسوں کے دوران ریڈیو نے بروقت معلومات فراہم کیں، صلاحیتوں کو اجاگر کیا اور تخلیقی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ اپنے پروگرام من کی بات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعے انہوں نے عوام کی اجتماعی طاقت کو اُجاگر کرنے میں ریڈیو کی صلاحیت کا عملی تجربہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نے شہریوں 22 فروری کو نشر ہونے والے آئندہ پروگرام کے لیے اپنی تجاویز بھیجنے کی دعوت دی ہے۔

PREZ-KARMAYOGA:

ایک ترقی یافتہ قوم کی تعمیر کے لیے نہ صرف سیاسی استحکام اور مضبوط معیشت ضروری ہے بلکہ صحت مند، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار شہری بھی ناگزیر ہیں۔ یہ بات صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دہلی میں ''با اختیار بھارت کے لیے کرم یوگ'' کے عنوان سے منعقدہ ملک گیر مہم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ عوام کی فعال شرکت کے بغیر کسی بھی قومی ہدف کا حصول مشکل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے متوازن اور ہمہ جہت ترقی کے لیے اخلاقیات اور روحانیت کے ساتھ پیش رفت کو مربوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا

کہ اقتصادی ترقی خوشحالی لاتی ہے جبکہ تکنیکی پیش رفت جدت، کارکردگی اور مسابقت کوفروغ دیتی ہے اور یہ دونوں مل کر ایک خوشحال قوم کی بنیاد رکھتے ہیں۔ انھوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ نتائج کی پرواکیے بغیر خلوص اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔

PM-SEVA TEERTH:

سیوا تیرتھ منتقل ہونے کے بعد اپنے پہلے فیصلوں میں وزیر اعظم نریندر مودی نے پی ایم راحت اسکیم کی منظوری دی ہے۔ ساتھ ہی لکھ پتی دیدیوں کا ہدف بڑھا کر چھ کروڑ کر دیا گیا ہے۔ زرعی بنیادی ڈھانچہ فنڈ کو بڑھا کر دو لاکھ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے جبکہ اسٹارٹ اپ انڈیا فنڈ آف فنڈز 2.0 کے لیے دس ہزار کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کسانوں، خواتین، نوجوانوں اور کمزور طبقات سے متعلق اہم فیصلوں کی فائلوں پر دستخط کیے۔ سیوا تیرتھ سے وزیر اعظم کے ابتدائی فیصلے خدمت کے جذبے کی عکاسی کرتے ہیں اور معاشرے کے ہر طبقے کو شامل کرتے ہیں۔

PAR - ADJOUR:

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا اجلاس وقفے کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے جو آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو دوبارہ منعقد ہوگا۔ بجٹ اجلاس دو مرحلوں میں جاری ہے۔ دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے 2 اپریل تک منعقد ہوگا۔ ادھر راجیہ سبھا کا اجلاس بھی 9 تاریخ تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ ایوانِ بالا میں زیرو آور اور سوالیہ وقفہ دونوں کے دوران کارروائی خوش اسلوبی سے انجام پائی۔ راجیہ سبھا کے چیرمین سی پی رادھا کرشنن نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا پیغام

پڑھ کر سنایا، جس میں کہا گیا تھا کہ انہیں 28 جنوری کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے کیے گئے خطاب پر راجیہ سبھا کے اراکین کی جانب سے اظہارِ تشکر موصول ہوا ہے۔ اس کے بعد ایوان میں زیرو آور لیا گیا جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے اراکین نے اہم عوامی مسائل اٹھائے۔

Telangana Polls

تلنگانہ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ کریمنگر، راما گنڈم، نظام آباد، محبوب نگر، منچر یال، کوتہ گوڑم، نلگنڈہ، کارپوریشنوں کیلئے اس مہینہ کی 11 تاریخ کو پولنگ ہوئی تھی۔ آج ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ میونسپلٹی کے طرز پر ہی کارپوریشنوں میں برسر اقتدار کانگریس پارٹی کے امیدوار کامیابی حاصل کررہے ہیں۔ نلگنڈہ، راما گنڈم، منچر یال، محبوب نگر کارپوریشنس میں کانگریس کو سبقت حاصل ہے جبکہ کریم نگر میں بی جے پی کامیاب ہوتی نظر آرہی ہے۔ کریم نگر کارپوریشن کے جملہ 66 ڈویژن میں سے بی جے پی تین ڈویژنس پر کامیابی حاصل کی ہے جبکہ 22 ڈویژنس پر آگے ہے۔ کانگریس 14، مجلس پانچ، بی آر ایس چار اور دیگر چار ڈویژنوں میں آگے ہیں۔ محبوب نگر کارپوریشن میں جملہ 60 ڈویژنس ہیں یہاں کانگریس کو سبقت حاصل ہے۔ اب تک کی ملنے والی اطلاعات کے مطابق کانگریس گیارہ، بی آر ایس چار، بی جے پی ایک سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔ منچر یال کارپوریشن میں جملہ 60 ڈویژنس ہیں جس میں سے کانگریس پارٹی پچاس ڈویژنس میں کامیابی حاصل کی ہے اور تین ڈویژنس میں آگے ہیں۔ جبکہ چار ڈویژنس میں بی آر ایس کامیابی حاصل کی ہے۔ نلگنڈہ میں جملہ 48 ڈویژنس ہیں جس میں کانگریس 30،

بی آر ایس سات، بی جے پی دو، ایم آئی ایم ایک اور دیگر چھ ڈویژنس میں آگے ہیں۔ راما گنڈم کارپوریشن میں 60 ڈویژنس میں سے 34 ڈویژنس کے نتائج آئے ہیں جس میں 22 وارڈوں پر کانگریس کامیابی حاصل کی ہے۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے ریاست میں منعقد ہوئے میونسپل انتخابات میں کانگریس کی شاندار کامیابی پر مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی ایک صرف سیاسی جماعت کی ہی نہیں بلکہ یہ عوام کی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہروں کے عوام کانگریس پارٹی پر جو اعتماد کئے ہیں اور حکومت کے جانب سے عمل میں لائے جانے والے فلاح و بہبود کی اسکیمات پر عوام کا اعتماد ان نتائج کو ظاہر کرتا ہے۔

Bhadradri

بھدرادری کوتہ گوڑم میونسپل کارپوریشن کے نتائج میں سی پی آئی پارٹی کوتہ گوڑم کارپوریشن پر اپنا قبضہ جمائی ہے۔کوتہ گوڑم کے جملہ 47 ڈویژنس میں سے سی پی آئی 25، کانگریس 14، بی آر ایس چار، بی جے پی ایک اور سی پی ایم ایک اور دو آزاد امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ ریاست بھر میں کانگریس کی ہوا چل رہی ہے لیکن کوتہ گوڑم کے نتائج میں لال جھنڈا لہرانے سے بائیں بازوں کے جماعتوں کے قائدین اور کارکنوں میں جوش وخروش دیکھا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب نلگنڈہ میونسپل کارپوریشن پر کانگریس پارٹی نے کامیابی حاصل کی ہے۔ جملہ 48 ڈویژنس میں سے کانگریس 45 سیٹوں پر اور بی آر ایس دس سیٹوں پر اور بی جے پی دو سیٹوں پر اور ایک آزاد امیدوار نے کامیابی حاصل کی ہے۔

Congress

ریاست کے میونسپل انتخابات کے نتائج میں کانگریس کی کامیابی پر پارٹی کے قائدین اور کارکن جشن منارہے ہیں۔ اِس ضمن میں گاندھی بھون ،کانگریس پارٹی کے قائدین اور کارکنوں سے بھرپورنظر آیااور پارٹی کے قائدین اور کارکنوں نے آتش بازی کرتے ہوئے جشن منایا اور ایک دوسرے کو مٹھائی کھلاتے ہوئے مبارکباد دی اور اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ٹی پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ اور کانگریس لیڈر راہول گاندھی کے حق میں نعرے لگائے۔ پارٹی کے قائدین نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ٹی پی سی سی صدر کی کوششوں سے یہ نتائج سامنے آئے ہیں۔

Ramagundam

راما گنڈم کارپوریشن کے انتخابات میں کانگریس پارٹی واضح اکثریت کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے۔ جملہ 60 ڈویژنس میں سے کانگریس پارٹی 38 ڈویژنس پر کامیابی حاصل کی ہے۔ اس کامیابی پر پارٹی کے قائدین اور کارکن جشن منارہے ہیں جبکہ بی آر ایس 13 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی۔

ICC MEN'S T20

ICC Men's T20 Cricket World Cup میں گروپ ڈی کے ایک میچ میں کینیڈا نے دہلی میں متحدہ عرب امارات کے خلاف 151 رنز کا ہدف مقرر کیا ہے۔ جوابی اننگز میں متحدہ عرب امارات کی ٹیم تازہ اطلاعات آنے تک مقررہ اوورز میں 57 رنز پر دو وکٹیں گنوا

چکی تھی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے کینیڈا نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 150 رنز بنائے۔ ہرش ٹھاکر 41 گیندوں پر 50 رنز کے ساتھ نمایاں بلے باز رہے۔ایک اور میچ میں زمبابوے نے کولمبو میں گروپ بی کے مقابلے میں آسٹریلیا کو 23 رنز سے شکست دی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے زمبابوے نے مقررہ 20 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 169 رنز اسکور کیے۔ ہدف کے تعاقب میں آسٹریلیا کی ٹیم 19 اعشاریہ 3 اوورز میں 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بلیسنگ مزربانی کو چار وکٹیں لینے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ دریں اثنا، امریکہ اور نیدرلینڈز کے درمیان چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آج شام 7 بجے مقابلہ کھیلا جائے گا۔

Bangladesh Elections

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے چیرمین طارق رحمٰن سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور بنگلہ دیش کے انتخابات میں شاندار کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ انہوں نے رحمٰن کو نیک خواہشات پیش کیں اور بنگلہ دیش کے عوام کی امنگوں کو پورا کرنے کی ان کی کوششوں میں مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گہرے تاریخی اور ثقافتی روابط رکھنے والے دو قریبی ہمسایہ ممالک کی حیثیت سے انہوں نے دونوں ملکوں کے عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے بھارت کے مسلسل عزم کا اعادہ کیا۔

Mulgu

ملگ میونسپلٹی کے انتخابات میں 20 وارڈ میں سے کانگریس بارہ وارڈس پر کامیابی حاصل کرتے ہوئے چیرمین کی سیٹ کو حاصل کی ہے جبکہ بی آر ایس پانچ ،بی جے پی ایک اور دو آزاد امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے۔نئی قائم ہونے والی ملگ میونسپلٹی کے بیس وارڈوں میں پرامن طریقہ سے انتخابات کا عمل مکمل ہوا ہے۔یہ بات ضلع کلکٹر دیواکرٹی ایس نے بتائی۔اس موقع پر کلکٹر نے بات بھی کی۔

Sound Byte

○○